SOP برائے کنٹینر چیکنگ

1. تمام کنٹینرز جہاز کے جانے سے 36 گھنٹے پہلے پورٹ پر اِن کر دیے جائیں گے۔
2. اے این ایف کے ہولڈ کرنے پر 12 گھنٹے کے اندر کنٹینر کو Scan کرنے کے بعد گراونڈ کر دیا جائے گا۔ پورٹ آپریٹنگ کمپنی اسکی ذمہ دار ہوگی۔
3. کنٹینر گراونڈ ہونے پر کسٹم کلیرنگ ایجنٹ کی موجودگی میں سیل کاٹی جائے گی، سیل کاٹنے کا ٹائم صبح 0800 بجے سے 1200 بجے ہوگا۔
4. کنٹینر کی سیل صرف کلیرنگ ایجنٹ کی موجودگی میں ہی کاٹی جائے گی۔
5. کوئی بھی کنٹینر کلیرنگ ایجنٹ کی غیر موجودگی میں چیک نہیں ہوگا۔
6. کلیرنگ ایجنٹ کے 24 گھنٹے کے اندر رابطہ نہ کرنے پر کلیرنگ ایجنٹ کا نام، کمپنی کا نام اور ایکسپورٹ کمپنی کا نام RD کو مطلع کیا جائے گا۔ جو کہ کلیرنگ ایجنٹ کی غیر موجودگی کی اطلاع متعلقہ کمپنی کو دے گا۔
7. کنٹینر کی سیل اے این ایف انچارج یا اسکا نمائندہ اپنی موجودگی میں کٹوائے گا اور چیک ہونے کے بعد سیل اپنی نگرانی میں لگائے گا۔
8. اگر کوئی ایجنٹ 3 دن تک رابطہ نہیں کرتا تو کنٹینر کو خطرناک ڈیکلیر کر کے علیحدہ مارک کر دیا جائے گا۔
9. سیل کاٹنے سے لیکر سیل لگانے تک ایجنٹ کا حاضر ہونا لازمی ہے۔ اگر وہ موقعہ سے سیل لگنے سے پہلے چلا گیا تو اسکی اطلاع متعلقہ ایکسپورٹر کو دی جائے گی۔ چاہے کنٹینر شٹ آوٹ ہی ہو جائے۔
10. پورٹ لیبر کی کارگو کی تھوڑ پھوڑ یا مس ہینڈلنگ کی صورت میں RD کو کنٹینر نمبر اور تصویروں کے ساتھ رپورٹ بھیجی جائے گی۔ PCU اسکی شکایت پورٹ آپریٹنگ کمپنی اور ایکسپورٹر کو کرے گا۔
11. پورٹ لیبر لیٹ آنے کی صورت میں RD کو مطلع کیا جائے گا۔ PCU اسکی شکایت متعلقہ پورٹ آپریٹنگ کمپنی کو دے گا۔
12. امپورٹ کے کنٹینر کی صورت میں بھی اگر کوئی ایجنٹ 2 دن تک رابطہ نہیں کرتا تو RD میں اطلاع دی جائے گی اور متعلقہ کنٹینر کو خطرناک قرار دے کر علیحدہ کر دیا جائے گا۔ امپورٹ کے کنٹینر روزانہ کی بنیاد پر کلیئر ہوں گے۔
13. اے این ایف Sea Port Det روزانہ بشمول ہفتہ اور اتوار کام کریں گے یعنی 24/7۔

بحکم

جوائنٹ ڈائریکٹر

اینٹی نارکوٹکس فورس

سندھ